© rasailojaraid.com



سادہ و رنگین تصویروں سے بھی مزین ہے جس سے اس کی افادیت اور دیدہ زیبی میں مزید اضافہ ہوگیا ہے۔ توقع ہے کہ ہماری قومی ہیلتھ سروس کی تنظیم و ترقی کے لیے یہ روداد بہت مفید اور کارآمد ثابت ہوگی اور یہ ایک ایسی قومی خدمت ہے جس کے لیے جناب حکیم محمد سعید اور ادارۂ صحت و طبی تحقیقات مستحقِ مبارک باد ہیں۔

(ش۔ح۔د)

## اربعینِ نبوی

ترجمہ و تفہیم : حافظ نذر احمد و مولانا عزیز زبیدی

ناشر : مسلم اکادمی، محمد نگر، لاہور

سائز : ۲۰×۳۰/۱۶ قیمت : ایک روپیہ ۶۰ پیسے، صفحات : ۹۶

صحیح مسلم کے شارح اور نامور محدث و فقیہ امام نوویؒ کی "اربعین"، یعنی ان کی جمع کردہ چالیس احادیثِ نبویہ کا اردو ترجمہ مع متنِ عربی "اربعینِ نبویؐ" کی صورت میں ہمارے سامنے ہے۔ مترجمین نے ترجمے کے علاوہ مشکل الفاظ کی وضاحت بھی کی ہے اور خلاصۂ مطالب بھی دیا ہے۔

آغازِ کتاب میں امام نووی کے حالات بیان کیے گئے ہیں اور "اربعین" کی تاریخ یعنی ان حضرات کا تذکرہ کیا گیا ہے جنھوں نے اپنے ذوق و پسند کے مطابق چالیس احادیث کے انتخاب جمع کیے۔ احادیث کی اہمیت اور جمع و تدوین کے سلسلے میں صحابۂ کرام اور تابعین و تبع تابعین کی مساعی کا ذکر کیا گیا ہے۔

علمِ حدیث کی کچھ اصطلاحات، کتبِ احادیث کے طبقاتِ اربعہ، کتبِ احادیث کے نام اور ان کی اقسام، چند کثیر الروایات صحابہ کے نام اور ان کی تعدادِ مرویات، امہات المومنین کی روایات اور ان کی تعداد وغیرہ مباحث پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔

بہر حال کتاب ہر لحاظ سے لائقِ مطالعہ ہے اور اس میں فنی و علمی نوعیت کا خاصا مواد جمع کیا گیا ہے۔ یہ کتاب نور سنز اسعد بازار لاہور، اور نور سنز قصہ خوانی بازار پشاور سے مل سکتی ہے۔

(م۔ا۔ب)

© rasailojaraid:com